**19.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

------------------------------

- ☆ ایران – اسرائیل لڑائی میں مزید شدت آگئی ہے۔ ایران کے میزائلوں نے وسطی اور جنوبی اسرائیل میں کافی نقصان پہنچایا ہے جبکہ اسرائیل نے ایران کے نیوکلیائی مرکز پر حملے کئے ہیں۔
- ☆ مرکز نے 'آپریشن سندھو' کے ایک حصے کے طور پر اسرائیل سے بھارتی شہریوں کو بحفاظت نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔
- ☆ چار ریاستوں کے پانچ اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کیلئے ووٹنگ پُرامن طور پر مکمل ہوگئی ہے۔
- ☆ تین ارکان پر مشتمل عدالتی پینل کو دلّی ہائیکورٹ کے سابق جج یشونت ورما کو ہٹانے کا عمل شروع کرنے کیلئے کافی شواہد ملے ہیں۔
- ☆ پانچ سال کے وقفے کے بعد سکم سے کَل کیلاش ماسرور یاترا کا آغاز ہو رہا ہے۔
- ☆ اور جنوب مغربی مانسون بہار اور اترپردیش تک پہنچ گیا ہے۔ کونکن، مدھیہ مہاراشٹر اور گجرات میں شدید بارش کا امکان ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rev. Iran Israel War**

اسرائیل اور ایران کے درمیان ٹکراؤ کا آج ساتواں دن ہے۔ ایک طرف ایران کے میزائلوں نے وسطی اور جنوبی اسرائیل میں کئی مقامات کو سنگین نقصان پہنچایا ہے تو دوسری طرف رپورٹوں کے مطابق اسرائیلی فوج نے ایران کے آبی نیوکلیائی reactor، Arak پر حملہ کیا ہے۔جنوبی اسرائیل کا ایک اسپتال اور تل ابیب کے نزدیک دو قصبے بھی ایران کی جانب سے سلسلے وار میزائل حملوں کی زد میں آئے۔

اس دوران کشیدگی دور کرنے کے اقدام کے طور پر ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، انگلینڈ، فرانس اور جرمنی اور یوروپی یونین کے عہدیداروں سے کل جینوا میں ملاقات کرنے والے ہیں۔

اس دوران روس کی نیوکلیائی ایجنسی کے سربراہ نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے Bushehr نیوکلیائی پاور پلانٹ پر اگر کوئی بھی اسرائیلی حملہ، تو Chernobyl کی طرح تباہ کن ہوسکتا ہے۔خلیج فارس کے ساحل پر قائم اس

مرکز کے عملے میں روسی اہلکار بھی شامل ہیں اور ایران کا واحد آپریشنل نیوکلیائی پلانٹ ہے۔
اس دوران اسرائیل میں امریکی سفارتخانے نے اپنے عملے سے پناہ گاہ میں موجود رہنے اور امریکی شہریوں کو وہاں سے بحفاظت نکالنے کے عمل میں مدد کرنے کیلئے کہا ہے۔ x

## EVE Iran Israel War

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے آج کہا ہے کہ اسرائیل، ایران کی نیوکلیائی اور بیلسٹک میزائل کی صلاحیتوں کو ختم کرنے کیلئے عہد بستہ ہے۔ اس دوران، کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے اور اسرائیلی وزیر اعظم نے مختلف مقامات پر ایران کے میزائل حملوں کے کچھ گھنٹے بعد ملک سے خطاب کیا ہے۔اس حملے کی زد میں Beersheba میں Soroka میڈیکل سینٹر بھی آ گیا۔ اس کے سبب بین الاقوامی سطح پر اس کی مذمت کی جارہی ہے جبکہ اسرائیلی حکام نے اِسے بین الاقوامی انسانی قوانین کی واضح خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ اُن کا نشانہ اسپتال کے نزدیک فوجی بنیادی ڈھانچہ تھا نہ کہ طبی مرکز۔
دوسری جانب اسرائیلی وزیر دفاع Katz نے اعلان کیا ہے کہ ایران کے اعلیٰ رہنما آیت اللہ علی خامنہ ای کو ختم کرنا اسرائیل کی جنگ کا اصل مقصد ہے۔اسرائیلی فوجی ذرائع نے خبر دی ہے کہ ایران نے جدید ترین میزائل استعمال کرنا شروع کردیئے ہیں۔اس دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مغربی ایشیا میں جاری لڑائی میں امریکی فوج کی امکانی شمولیت کے سلسلے میں حکمت عملی کے تحت اپنا موقف واضح نہیں کیا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے امریکی صدر نے اشارہ دیا ہے کہ انھوں نے ابھی یہ فیصلہ نہیں کیا ہے کہ آیا امریکہ، ایران کے نیوکلیائی مراکز کے خلاف اسرائیل کا ساتھ دے گا یا نہیں۔
ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے صدر ٹرمپ کی غیرمشروط طور پر ہتھیار ڈالنے کی بات کو مسترد کردیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے کسی بھی فوجی اقدام کا اُس کیلئے سنگ نتیجہ ہوگا۔
اقوام متحدہ کے ترجمان نے سبھی فریقوں سے زیادہ سے زیادہ تحمل برتنے کی اپیل کی ہے اور لڑائی پھیلنے کے درمیان بے قصور افراد کے تحفظ کو ترجیح دینے کو کہا ہے۔
سعودی عرب، ترکیے، مصر اور پاکستان سمیت 23دیگر مسلم اکثیریتی ممالک اور انڈونیشیا نے ایران پر اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا ہے۔یہ اعلامیہ اسلامی تعاون تنظیم کے تال میل سے جاری کیا گیا ہے اور اس میں فوری جنگ بندی کیلئے کہا گیا ہے اور اس بارے میں خبردار کیا گیا ہے کہ اس لڑائی کے ایک مکمل جنگ میں تبدیل ہونے کے خطرات ہیں جو عالمی امن واستحکام کیلئے سودمند نہیں ہوگا۔ اس اعلامیے میں تحمل، سفارتکاری اور بین الاقوامی قوانین کی پابندی کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔x

## Operation Sindhu Israil

حکومت نے بحران زدہ ایران اور اسرائیل سے اپنے شہریوں کو بحفاظت نکالنے کی کوششیں مزید تیز کر دی ہیں۔ 110 بھارتی طلباء پہلے ہی نئی دلّی آچکے ہیں۔ امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کہا کہ حکومت

کو ایران میں موجود 350 بھارتی شہریوں کی ملک واپس لانے کیلئے درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

آپریشن سندھو کے حصے کے طور پر بھارت نے اسرائیل سے اپنے شہریوں کو بحفاظت نکالنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارتی شہریوں کو زمینی سرحد سے بحفاظت نکالنے کے بعد طیارے کے ذریعے بھارت لایا جائے گا۔تل ابیب میں بھارتی سفارتخانہ اِس کوشش میں ہر ممکن تعاون کر رہا ہے اور اس نے بھارتی شہریوں سے خصوصی ویب سائٹ پر رجسٹر کرنے کی اپیل کی ہے۔ یہ ویب سائٹ ہے:www.indembassyisrael.gov.in/ indian national registrationسفارتخانے میں ایک کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے جو 24 گھنٹے ہفتے کے ساتوں دن کام کرے گا۔ اسرائیل میں موجود بھارتی شہریوں کو چوکنا رہنے، اسرائیلی اتھارٹی کی جانب سے سیفٹی سے متعلق ہدایات پر عمل کرنے اور سفارتخانے سے مسلسل رابطے میں رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ x

## PM Visit

وزیراعظم نریندر مودی کل سے بہار، اڈیشہ اور آندھراپردیش کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ بہار اور اڈیشہ میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم کل بہار میں سیوان کا دورہ کریں گے اور کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ ریاست میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی خاطر وزیر اعظم 400 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے نئے ویشالی–Deoria ریلوے لائن پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے اور اِس راستے پر نئی ٹرین سروس کا جھنڈی دِکھا کر آغاز کریں گے۔ جناب مودی پاٹلی پتر اور گورکھپور کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑی کا بھی جھنڈی دکھا کر آغاز کریں گے۔x

## Power Genration

بھارت پچھلے پانچ برس میں بجلی کی پیداوار کی صلاحیت کے اعتبار سے امریکہ اور چین کے بعد تیسرا سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا ملک بن گیا ہے۔بین الاقوامی توانائی ایجنسی کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق تجارتی اور رہائشی مقامات میں توسیع، ایئر کنڈیشنز اور دیگر گھریلو استعمال کے بجلی کے سامان میں اضافہ اور صنعتوں میں بڑھتی ہوئی بجلی کی مانگ کے تناظر میں بجلی کی پیداوار میں اضافہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ صلاحیت میں یہ اضافہ قابلِ تجدید توانائی پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کے سبب ممکن ہوا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ صاف ستھرئی توانائی خاص طور پر شمسی فوٹو وولٹیک پروجیکٹوں میں سرمایہ کاری میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ x

## MoD Defence

وزارت دفاع نے موجودہ پالیسیوں اور اقدامات سے ہم آہنگی کرتے ہوئے دفاعی ساز سامان کی خریداری کا عمل 2020کے جامع جائزے کا آغاز کیا ہے۔ دفاعی سامان کی خریداری کے شعبے کے ڈائریکٹر جنرل کی سربراہی میں

ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جو تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ تفصیلی غور و خوض کرے گی۔ وزارت نے سابق IAS افسر اپوروا چندر کو کمیٹی کے پرنسپل مشیر کے طور پر مقرر کیا ہے، جو Acqusition D.G)) ڈائریکٹر جنرل کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ کمیٹی میں وزارتِ دفا کے اعلیٰ عہدیدار نے دفاعی صنعت اور تعلیمی اداروں کے نمائندے شامل ہیں۔ اس جائزے کا مقصد قومی سلامتی اور خود کفیل ہونے کو یقینی بنانے کیلئے مقررہ مدت میں مسلح افواج کی فوجی کارروائی اور جدت طرازی سے متعلق ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ x

## Ministry Tribal Affairs

قبائلی امور کے مرکزی وزیر جوئل اورم (Jaul Oram) نے کہا ہے کہ Sickle Cell انمیا، جو قبائلی برادریوں کی صحت کو درپیش باہم خطرہ ہے، حکومت اس کے مکمل خاتمہ کی سمت کام کر رہی ہے۔ آکاشوانی خبروں کے شعبے کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت میں جناب اورم نے کہا کہ Sickle Cell انمیا کے بارے میں قبائلی برادریوں میں بیداری پیدا کی جا رہی ہے۔

VC Jaul Oram

وکست بھارت کا امرت سال، سیوا سوشاسن، غریب کلیان کے گیارہ سال خصوصی سیریز کے حصے کے طور پر یہ خصوصی انٹرویو، آج رات 9بج کر 30منٹ پر آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک اور 100.1 آکاشوانی ایف ایم گولڈ چینل پر نشر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ یہ انٹرویو اُسی وقت ہمارے یوٹیوب چینل newsonair آفیشیل پر بھی دستیاب ہوگا۔ x

## Dharmendra Pradhan

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے کا عزم پورا کرنے میں نوجوانوں کو اہم رول ادا کرنا ہوگا۔ جناب پردھان آج اجمیر کے نزدیک راجستھان سینٹرل یونیورسٹی کے نویں تقسیمِ اسناد تقریب میں خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ آنے والی دو دہائیوں میں بھارت کو ایک طاقتور ملک بنانے کا ایک اجتماعی عزم ہے اور یہ عزم پورا کیا جائے گا۔

نوجوان نسل کی جانب سے محنت، مصمّم ارادہ اور جنون، اِس عزم کو پورا کریں گے۔ جناب پردھان نے کہا کہ عالمی صورتحال میں تبدیلی آرہی ہے اور بھارت ایک بڑی طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے۔

S/B: Dharmendra Pradhan

جناب پردھان نے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے نوجوانوں سے زور دے کر کہا کہ وہ نوکریاں کرنے کے بجائے خود کے روزگار قائم کریں اور اس طرح دوسرے نوجوانوں کو بھی روزگار فراہم کریں۔ انھوں نے کہا کہ نقطۂ نظر میں یہ تبدیلی ملک کو سب سے بڑی معیشت میں تبدیل کرے گی۔ جناب پردھان نے کہا کہ بھارت میں تعلیمی اداروں کا معیار مسلسل بہتر ہو رہا ہے۔ 2014میں دنیا کے سرکردہ 500 تعلیمی اداروں میں بھارت کے صرف 11ادارے شامل تھے لیکن حالیہ رپورٹ میں ان اداروں کی تعداد بڑھ کر 54ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا

کہ نئی تعلیمی پالیسی کے تحت غیر ملکی یونیورسٹیوں کو بھارت میں ادارے کھولنے کی اجازت دی گئی ہے اور اب تک 8 غیر ملکی یونیورسٹیوں نے ملک میں کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ x

## Naidu Aviation

شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے آج پروازوں میں تاخیر اور رخنہ کے درمیان ایئر لائن کی کارکردگی، مسافروں سے متعلق خدمات اور سلامتی سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا۔ جناب نائیڈو نے ملک گیر سطح پر ہوائی اڈّوں کے ڈائریکٹر صاحبان کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کی، جس میں انھوں نے تاخیر کے دوران، خوراک، پانی اور اُن کے بیٹھنے کے انتظام سمیت مسافروں کی بروقت مدد پر زور دیا۔ انھوں نے عہدیداران کو شکایات کے ازالے کو بہتر کرنے اور ایئر لائن کے ساتھ قریبی تال میل برقرار رکھنے کی ہدایات دیں۔ جناب نائیڈو نے ایئر انڈیا، اسپائس جیٹ، اِنڈیگو اور Akasa ایئر لائن کے سینئر منتظمین سے بھی ملاقات کی اور عملے کی سلامتی، رابطے سے متعلق حکمت عملی اور مسافروں کے تجربات کا جائزہ لیا۔x

## Assambly Bypolls

چار ریاستوں کے پانچ اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کیلئے ووٹنگ پُرامن طور پر مکمل ہوگئی ہے۔ گجرات کی Visavadar سیٹ پر 54فیصد سے زیادہ ووٹنگ ہوئی جبکہ Kadi اسمبلی حلقے میں شام پانچ بجے تک 54فیصد سے زیادہ ووٹنگ درج کی گئی۔ کیرالہ کے Nilambur حلقے میں تقریباً 70فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ مغربی بنگال کی کالی گنج اسمبلی سیٹ پر ووٹنگ فیصد، 69فیصد سے زیادہ رہا۔ پنجاب کے لدھیانہ ویسٹ اسمبلی حلقے میں 49فیصد ووٹنگ کی خبر ہے۔سبھی پانچ سیٹوں کیلئے ووٹوں کی گنتی پیر کے روز ہوگی۔

اس دوران، انتخابی کمیشن نے گجرات، کیرالہ، پنجاب اور مغربی بنگال میں پانچ اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات کے دوران آج ووٹروں کی سہولت کیلئے نئی دو اہم پہل کا آغاز کیا ہے۔

اِن میں ایک پولنگ مراکز کے داخلے پر موبائل فون جمع کرنے کی سہولت اور ECINET ایپ کے ذریعے ووٹنگ فیصد سے متعلق اصل معلومات کا نظام شامل ہے۔ ووٹروں نے پولنگ مراکز کے باہر پٹسن کے بیگ میں اپنے موبائل فون جمع کروائے جو سبھی پولنگ مراکز پر اس طرح کی پہلی سہولت تھی۔x

## Justice Verma

جسٹس یشونت ورما کی رہائش گاہ پر نقدی برآمد ہونے کے الزامات کی چھان بین کرنے کیلئے تشکیل دیئے گئے تین رکنی پینل نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ دلّی ہائی کورٹ کے سابق جج کی برخاستگی کا عمل شروع کرنے کیلئے خاطر خواہ شواہد موجود ہیں۔ پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس Sheel Nagu، ہماچل پردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس G S Sandha Walia اور کرناٹک ہائی کورٹ کی جج Anu Sivaram پر مشتمل کمیٹی نے جسٹس یشونت ورما کے ان دعووں کو مسترد کردیا ہے کہ یہ کہانی انھیں پھنسانے کیلئے تیار کی گئی ہے۔ رپورٹ

کے مطابق نئی دلّی میں جسٹس ورما کی رہائش گاہ کے اسٹور روم میں نقدی برآمد ہوئی تھی اور ان کے دو گھریلو ملازموں نے اسٹور روم سے جلی ہوئی رقم کو ہٹانے میں اہم رول ادا کیا تھا۔ کمیٹی اس نتیجے پر پہنچی کہ نقدی ان کے اسٹور روم سے برآمد ہوئی تھی اور وہ اس کا حساب دینے سے قاصر پائے گئے۔

## Sikkim Mansarovar Yatra

سکّم میں، کل سے شروع ہونے والی کیلاش مانسرور یاترا کے بلا رکاوٹ انعقاد کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ گورنر اوم پرکاش ماتھر کل صبح Nathula Pass سے یاترا کو روانہ کریں گے۔ 36یاتریوں اور وزارت خارجہ کے دو اہلکاروں پر مشتمل پہلا جتھا، کل اپنی یاترا شروع کرے گا۔ ہر جتھا 10 سے 11دن میں اپنی یاترا مکمل کرے گا۔ سکّم میں Nathula سے اس سال 10سے 11 جتھے مانسرور یاترا کریں گے۔ یاترا، پانچ برس کے وقفے کے بعد دوبارہ شروع ہوئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

## VC Manas

پانچ سال کے وقفے کے بعد، کیلاش مانسروور یاترا کُل سے دوبارہ شروع ہو رہی ہے۔ سکّم حکومت، مرکزی حکومت کے مختلف محکموں کے ساتھ مل کر پوری کوشش کررہی ہے کہ یاتریوں کی یاترا کو آسان سے آسان تر بنایا جائے۔ گورنر رام پرکاش ماتھور کل صبح رسمی طور پر جھنڈی دکھا کر یاترا کو روانہ کریں گے۔ پہلے جتھے میں حکومتی اہلکاروں کے علاوہ کُل 36لوگ شامل ہیں۔ یہ سبھی اِس مہینے کی 15 تاریخ کو سکّم پہنچے تھے اور انہوں نے موسم اور اونچائی کے مطابق جسم کو موافق بنانے کے لیے 17ویں میل پر اور شیراتھانگ میں ضروری قیام کی مدت کی تکمیل کرلی ہے۔ اِس سال کُل 10جتھے ناتھولا سے کیلاش مانسروور کی یاترا کریں گے۔ ہر جتھا 11سے 12دن میں اِس یاترا کو مکمل کرے گا۔

گینگ ٹاک سے مانس پرتم شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں فیصل خان

## Yoga Day Country

ثقافت کی وزارت یوگ کے گیارھویں بین الاقوامی دن کے موقع پر ملک بھر میں سیاحت سے متعلق 100 سرکردہ مقامات اور دیگر پچاس ثقافتی مقامات پر یوگ کے اجلاس منعقد کرے گی۔ 21جون کیلئے مقررہ یہ تقریبات، وشاکھاپٹنم میں آیوش کی وزارت کی جانب سے منعقدہ اصل تقریبات سے ہم آہنگ ہوں گی جس میں وزیر اعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔ ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت، راجستھان کے جودھپور میں تاریخی مہران گڑھ قلعہ میں یوگ کے ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔ جن تاریخی مقامات پر یوگ کے دن کی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ اُن میں آسام میں Charaideo Maidam، گجرات میں Rani Ki Vav اور Dholavira، کرناٹک میں ہمپی، مدھیہ پردیش میں کھجوراہو اور Sanchi Stupa، اڈیشہ کے کونارک میں سوریہ مندر، مہاراشٹر میں Elephanta کی گپھائیں جیسے تاریخی عالمی میراث کے مقامات شامل ہیں۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون، بہار اور اترپردیش تک پہنچ گیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ مانسون آئندہ دو سے تین دن کے دوران ملک کے شمالی اور وسطی حصے کی جانب مزید بڑھ جائے گا۔ جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، بہار، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال اور مدھیہ پردیش کے کچھ حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD کے سائنسداں آر کے جیتامنی نے آکاشوانی نیوز کو بتایا ہے کہ کونکن، گوا، گجرات اور مدھیہ مہاراشٹر کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ممبئی کیلئے بھی شدید بارش کی خاطر اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔X

☆☆☆☆☆☆